سوال

(259)نکاح کو ختم کردینے والے امور

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

باقاعدہ طلاق دینے کے علاوہ اورکن باتوں ، فقروں یا عمل سے نکاح باطل یا نکاح ختم ہوسکتا ہے ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نکاح عموما لفظ طلاق صراحتا یا کنایتا استعمال کرنے سے ہی ختم ہوتا ہے ،اس کے علاوہ خلع یعنی عورت عدالت میں جا کر اپنا نکاح فسخ کروالے اورلعان یعنی کوئی مرد اپنی بیوی کو کسی غیر مرد کے ساتھ مشکوک حالت میں دیکھ کر اس سے لعان کرلے تو اس سے بھی ختم ہوجاتا ہے ۔

اس کے علاوہ اگر نکاح کے بعد ثابت ہوجائے کہ منکوحہ عورت اس کی رضاعی یا نسبی محرم ہے ، یا نکاح کی شرائط مکمل نہ ہوں ، جیسے کوئی عورت عدت میں نکاح کرلے ، یا اس کا کسی اور مرد سے بھی نکاح ہو تو ایسا نکاح بھی باطل ہوجاتا ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب